دی سٹی اسکول

سدرن ریجن

اعادہ ورک شیٹ۔ اپریل ۲۰۱۹ء

جماعت ہشتم (تفہیم)

برصغیر پاک و ہند میں بسنت کے موسمی تہوار میں پتنگ بازی ایک رواج اور بسنت میلہ کا حصہ بن چکی ہے۔ بھارت اور پاکستان میں ایک زمانہ میں پتنگ بازی بڑے اہتمام سے کی جاتی رہی ہے۔لاہور میں بسنت کے موقع پر اندرون شہر کی عمارات چھتوں پر بڑے دھوم دھام سے پتنگ بازی کے مقابلے ہوتے ہیں، اس موقع پر فیسٹیول منعقد کئے جاتے جس میں بڑی تعداد میں سیاح پوری دنیا سے لاہور آتے تھے۔ کراچی اور سندھ میں بھی پتنگ بازی کے میلے منعقد ہوتے رہے ہیں۔ پتنگ کی ڈور کا قیمتی دھاگہ بھارت سے اسمگل ہو کر آتا تھا لیکن بعض عناصر کی بے احتیاطی نے اس فیسٹیول کو لہولہان کردیا اور قاتل ڈور نے معصوم بچوں ہی نہیں نوجوانوں کو بھی قتل کرنا شروع کردیا۔ یہ ڈور جس کے گلے پر پھر جاتی اس کی جان لے لیتی تھی۔ ابتدائی طور پر حکومت نے دھاتی ڈور پر پابندی عائد کی اور اس کے سدباب کے لیے چھاپے بھی مارے گئے لیکن ڈور پھرنے سے اموات اور حادثات میں خاطر خواہ کمی نہیں ہوئی۔ عدالت عالیہ نے اس کا نوٹس لیا اور حکومت نے پتنگ بازی پر مکمل پابندی عائد کردی اور خلاف ورزی پر سزا بھی تجویز کی گئی۔ پولیس کو پابند کیا گیا کہ بسنت کے موقع پر سخت نگرانی کریں اور پتنگ بازی نہ کرنے دیں۔ گزشتہ دنوں پنجاب کے کئی شہروں میں گلے میں ڈور پھرنے کے کئی واقعات ہوئے جس پر حکومت نے سختی سے نوٹس لیا۔ گزشتہ روز پنجاب کے کئی اضلاع میں پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن میں 150 سے زائد افراد گرفتار ہوئے جس میں ایک خاتون بھی شامل ہیں۔ ہزاروں پتنگیں، ڈور اور دوسرا سامان برآمد کرکے مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ ڈور پھرنے سے کئی افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ پتنگ بازی کو بسنت کے موسمی تہوار کا حصہ قرار دیا جاتا ہے لیکن یہ بات فیسٹیول سے آگے بڑھ کر خونی کھیل میں تبدیل ہوجائے تو اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ ضرورت ہے کہ آہنی ہاتھ سے اس خونی کھیل کا خاتمہ کیا جائے اور قانون کے مطابق ذمہ داروں کے خلاف کاروائی کی جائے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

۱۔ موسمی تہوار میں بسنت کی کیا اہمیت ہے؟	۲۔ لاہور میں بسنت کس طرح منائی جاتی ہے؟
۳۔ پتنگ بازی کے لیے قیمتی دھاگہ کہاں سے آتا ہے اور اس پر پابندی کیوں عائد کی گئی؟	۴۔ پتنگ بازی کے باعث ہونے والی اموات کے سلسلے میں حکومت کا کیا کردار رہا؟

۵۔ پنجاب میں پتنگ بازی کے حوالے سے کیا واقعات پیش آئے؟	٦۔ موسمی تہوار بسنت کو بہتر کیسے بنا سکتے ہیں کم از کم (۲) دو تجاویز تحریر کریں؟
۷۔ عبارت کا عنوان لکھیں۔	۸۔ عبارت کا خلاصہ تحریر کریں؟

۹۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ تحریر کریں۔

۱۔ پتنگ بازی	۲۔ سیاح	۳۔ پابندی	۴۔ تجویز	۵۔ نگرانی

۱۰۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ کھیل	۲۔ خلاف ورزی	۳۔ اہتمام	۴۔ تہوار	۵۔ حادثات

۱۱۔ مندرجہ ذیل جملوں کے زمانے ہدایت کے مطابق تبدیل کریں۔

(الف) سیاح پوری دنیا سے لاہور آتے تھے۔ (زمانہ حال)

(ب) پتنگ بازی کو بسنت کے موسمی تہوار کا حصہ قرار دیا جاتا ہے۔ (زمانہ ماضی)

(ج) لاہور میں بڑے دھوم دھام سے پتنگ بازی کے مقابلے ہوتے ہیں۔ (زمانہ مستقبل)